# ”کلکتہ چیمبر آف کامرس کا تجارتی فروغ میں کلیدی کردار“




کلکتہ 8 جولائی: 1830 میں قائم ہونے والا کلکتہ چیمبر آف کامرس تجارت کو فروغ دینے میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ہمارے چیمبر کی ممبر شپ پروفائل میں انجینئرنگ، آٹو موبائل، فارم مشینری، اسٹیل، ٹیکسٹائل، جوٹ چائے پلاسٹک ریئل اسٹیٹ گھریلو مصنوعات، کاغذ درآمد اور برآمد اور دیگر کاروبار اور صنعتوں کے ساتھ آئی ٹی سیکٹر شامل ہیں، چیمبر انسانی کوششوں کے مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، سول سوسائٹی سے متعلق مسائل پر بحث کو بھی فروغ دیا ہے، ان خیالات کا اظہار کلکتہ چیمبر آف کامرس کے نائب صدر جناب انت سہریا نے پارک ہوٹل میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس تقریب میں شری میانک پریادرشی، آئی آر ایس، چیف کمشنر آف انکم ٹیکس (ٹی ڈی ایس) کلکتہ، ڈاکٹر اے ایس رگھویر مدنیا، آئی آر ایس کمشنر آف انکم ٹیکس (ٹی ڈی ایس) کلکتہ چیمبر آف کامرس کے نائب صدر جناب انوراگ جھنجھن والا، شری رجت اگروال ممبر، ٹیکس کمیٹی اور سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر کلکتہ چیمبر آف کامرس وغیر شریک تھے۔

مقررین نے کہا کہ انکم ٹیکس بل 2025 نے انکم ٹیکس ایکٹ 1961 کے تحت ذرائع پر ٹیکس کٹوتی (ٹی ڈی ایس) کی دفعات میں اہم اصلاحات لائی ہیں، جس کا مقصد کاروبار اور افراد کے لئے تعمیل کو آسان بنانا ہے یہ ترامیم بنیادی طور پر حد کو اور کارکردگی کو بڑھانے، ٹیکس کے عمل کو آسان بنانے کے لئے نئی دفعات متعارف کرانے پر مرکوز ہیں۔